پی لیا ہے۔ بچی اس دودھ پینے والے کی دودھ بہن ہوگئی کیا اس کے دونوں بھائیوں میں سے کسی ایک کا نکاح اس بچی کے ساتھ شرعاً درست ہے؟ ابو محمد صابو وال۔ جالندھر مدرسہ ترغیب التوحید

**جواب:۔** ہاں یہ نکاح شرعاً درست اور جائز ہے۔ یہ بچی ان دونوں کے حقیقی بھائی کی رضاعی بہن ہے اور نسبی بھائی بہن کی رضاعی بہن سے نکاح مباح ہے۔ کیونکہ قرآن وحدیث میں جن عورتوں سے نکاح کرنا حرام اور ممنوع کیا گیا ہے یہ ان میں داخل نہیں ہے۔ دلیل کے لئے زاد المعاد (ج ۲ ص ۳۶۱) لابن القیم اور المغنی (ج ۹ ص ۲۱) لابن قدامۃ اور الشرح الکبیر علی متن المقنع (ج ۹ ص ۱۹۳) لابی الفرج المقدسی اور شرح وقایہ (ج ۲ ص ۶۷) ملاحظہ کیجئے۔

**سوال۔** ابوداؤد و مسلم شریف میں ہے صلیت معہ الجمعۃ فی المقصورۃ۔ مقصورہ سے کیا مراد ہے۔ احمد اللہ۔ از دمکا۔

**جواب۔** قال القاری المقصورۃ موضع معین فی الجامع وقال ابن عابدین الظاہر ان المقصورۃ فی زمانہم اسم لبیت فی داخل الجدار القبلی من المسجد کان یصلی فیہا الامراء الجمعۃ ویمنعون الناس من دخولہا خوفا من العدو انتہی۔ قالوا واول من عملہا معاویۃ بن ابی سفیان حین ضربہ الخارجی۔

---

# جمعیۃ الخطابہ کا سالانہ اجلاس

حسب دستور سابق اس سال بھی دار الحدیث رحمانیہ دہلی کے طلبہ کی "جمعیۃ الخطابہ" کا سالانہ اجلاس زیر صدارت حضرت مولانا محمد یونس صاحب نزیل دہلی ۱۰ رجمادی الاخری ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۵ رجون ۱۹۴۲ء بروز پنجشنبہ منعقد ہوا۔ تقریباً ۸½ بجے صبح جناب صدر تکبیر کے نعروں کی گونج میں مدرسہ میں داخل ہوئے۔ اور تھوڑی دیر کے بعد جلسہ کی کارروائی شروع ہوگئی۔ اور مسلسل ۱۲ بجے تک جاری رہی۔ طلبہ نے مختلف عنوانوں پر عربی اور اردو میں بہترین تقریریں کیں۔ کچھ لڑکوں نے اپنی طبعزاد نظمیں بھی سنائیں، جن سے مجلس میں شگفتگی اور تازگی پیدا ہوجاتی تھی۔ اخیر میں جناب صدر نے ایک خطبہ دیا، جس میں طلبہ کی تقریروں پر اپنی پسندیدگی کا بہترین لفظوں میں اظہار کرتے ہوئے، ان کو علوم دینیہ کی تحصیل پر مبارکباد دی اور حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے ان کو اپنے قیمتی نصائح سے مالامال کیا۔

مدرسہ کے مرحوم بانیان کے لئے دعا رحمت ومغفرت اور اس کے موجودہ عالی حوصلہ مہتمم کے حق میں دعا رخیر وبرکت کے بعد جلسہ برخاست ہوا۔

جناب مہتمم صاحب کی طرف سے تقریر کرنے والے طلبہ کو نقد انعامات بھی دیئے گئے جن کی مجموعی مقدار ۳۰ روپے رہی۔ تبارک اللہ فیہ واحسن الیہ۔